# Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

## سائفر مقدمے میں بانی چیئرمین عمران خان اور وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کی ضمانتوں کی منظوری کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے تشکّر و اطمینان کا اظہار بانی چیئرمین عمران خان اور وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کی ضمانتوں کی منظوری سے بدنیتی، بغض اور عداوت پر مبنی سائفر جیسا جھوٹا اور جعلی سیاسی مقدمہ اپنی موت آپ مر چکا ہے، ریاست کے پاس بانی چیئرمین عمران خان یا وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو مزید قید میں رکھنے کا کوئی آئینی و قانونی جواز نہیں، سائفر مقدمے پر کی جانے والی کارروائی عدل کے بیمار اور کرپٹ ڈھانچے کی کھلی نظیر ہے، اس من گھڑت اور بے بنیاد مقدمے کا واحد مقصد بانی چیئرمین عمران خان کو اصولوں پر سمجھوتہ کرنے اور ملک میں آئین و قانون کی بالادستی کی تحریک سے دستبردار کروانا تھا، سائفر کے مندرجات اور ملکی سیاست میں اس کے کردار کے حوالے سے قوم کے ذہن میں حقیقتاً کوئی ابہام باقی نہیں، انتخابات سے قبل پورے ملک میں تحریک انصاف کے امیدواروں کے خلاف جاری غیر قانونی کریک ڈاؤن اور تحریک انصاف کو ریاستی جبر کے ذریعے انتخابات سے باہر کرنے کی شرمناک کوششیں سائفر پر بانی چیئرمین عمران خان کے مؤقف کی صداقت پر مہرِ تصدیق ثبت کرتی ہیں، بدقسمتی سے اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس نے کھلی بے انصافی کے ذریعے تحریک انصاف کے قائدین خصوصاً بانی چیئرمین عمران خان کو بنیادی و دستوری حقوق سے محروم کرنے کے مذموم ایجنڈے کی تکمیل کیلئے عدالتی کھندھا فراہم کیا، بانی چیئرمین عمران خان کے خلاف قائم دیگر 180 سے زائد مقدمات بھی جھوٹ، لغویات اور خرافات کا مجموعہ ہیں، عدالتِ عظمیٰ انصاف کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بانی چیئرمین عمران خان کے خلاف قائم ان تمام جھوٹے مقدمات کے ریکارڈ منگوا کر انہیں ضمانت کا قانونی حق دے اور نظامِ عدل کے ذریعے ملک میں جاری شرمناک سیاسی انتقام کا سلسلہ بند کروانے کا اہتمام کرے، تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان اور وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو فی الفور رہا کیا جائے اور مزید کسی بھی جھوٹے مقدمے میں گرفتاری سے روکا جائے۔